# غزل

سیّد اختر علی تلہری

تو نہیں ہے تو بہارِ چمنستاں ہی سہی — میرے محبوب ترے حسن کا عنواں ہی سہی
ذوقِ نظارۂ گلشن تو ہے سرمستِ نشاط — بوئے گل محفلِ ہستی میں پریشاں ہی سہی
دل بھی جھک جائے جہاں، ہے وہی سجدے کی جگہ — درِ کعبہ نہ سہی، طاقِ شہیداں ہی سہی
میرے تاریک جہاں کو تو منوّر نہ کیا — آپ دنیا کے لئے نیّرِ تاباں ہی سہی
اے نگہبانِ چمن کچھ تو عطا ہو مجھکو — لالہ و گل نہ سہی خارِ مغیلاں ہی سہی
ہم صفیرو گل و گلزار مبارک ہو تمھیں — میری قسمت میں گلستاں نہیں زنداں ہی سہی
نگہِ ناز میں ان کی تو نہیں رنگِ کرم — آرزوئیں دلِ پرجوش میں رقصاں ہی سہی
اہلِ دل کے لئے یہ بھی ہے مداوائے الم — مرہمِ زخم نہیں ہے تو نمکداں ہی سہی
ذوقِ نظارۂ جلوہ ہو تو ہر سو ہے بہار — سیرِ گلشن نہ سہی سیرِ بیاباں ہی سہی
خوش منش رند ہیں اب دیر و حرم کی زینت — زاہدِ تنگ نظر کے لئے ناداں ہی سہی
دانشِ عصر ہے کیا ان کی روش پر خنداں — محرمِ راز تو ہیں چاکِ گریباں ہی سہی
تیرے سودائی کی وحشت کا نہیں کوئی علاج — لالہ و گل لیے دامن میں گلستاں ہی سہی
گریۂ و نالہ سے اور بدلے نظامِ عالم — تیرے اشکوں میں نہاں شورشِ طوفاں ہی سہی
دل تو گریاں ہے تباہیِ جہاں پر اپنا — یوں ترے سامنے اے دوست ہیں خنداں ہی سہی

یہ مرے ذہن کی شوریدہ مزاجی اختر
اپنے ہی رنگ میں رنگتا ہے تو یزداں ہی سہی